Habib Rice Products Ltd.

دوسری منزل، یو بی ایل بلڈنگ، آئی آئی چندریگر روڈ، کراچی -74000 ، پاکستان۔ فون: 32414362 (+92-21)، 363963 (+92-0853)

اطلاع برائے غیر معمولی اجلاس عام

بذریعہ نوٹس ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ حبیب رائس پروڈکٹس لمیٹڈ (کمپنی) کے ممبران کا غیر معمولی اجلاس عام بروز بدھ ۳ جون ۲۰۲۶ء کو صبح ۱۱:۰۰ بجے بمقام دی انسٹی ٹیوٹ آف چارٹرڈ اکاؤنٹینٹس آف پاکستان (آئی سی اے پی) آڈیٹوریم ہال، ڈی۔۳۱/۸، چارٹرڈ اکاؤنٹینٹس ایونیو، کلفٹن، کراچی میں اور بذریعہ وڈیو لنک درج ذیل امور کی انجام دہی کے لئے منعقد کیا جائے گا:

عمومی کارروائی

۱۔ سالانہ اجلاسِ عام منعقدہ بروز ہفتہ ۲۵ اکتوبر ۲۰۲۵ء کی کارروائیوں کی توثیق۔

۲۔ کمپنیز ایکٹ، ۲۰۱۷ کے سیکشن ۱۵۹(۱) کے تحت بورڈ آف ڈائریکٹرز کی جانب سے ۲۳ اپریل ۲۰۲۶ء کو منعقدہ اپنے اجلاس میں مقرر کردہ تعداد (۷) سات ڈائریکٹرز کا ۵ جون ۲۰۲۶ء سے شروع ہونے والی (۳) تین سالہ مدت کیلئے انتخاب کرنا۔

ریٹائر ہونے والے ڈائریکٹرز کے نام درج ذیل ہیں:

۱) جناب غفار اے۔ حبیب	۲) جناب اویس جی۔ حبیب
۳) ڈاکٹر ہاورڈ جے۔ سائنبرگ	۴) جناب طفیل وائی حبیب
۵) محترمہ فاطمہ جی۔ حبیب	۶) جناب اسد آر۔ پریم جی
۷) جناب عادل احمد چھاپرا	۸) جناب فیصل آدم جی

۳۔ کسی بھی دیگر کارروائی کی انجام دہی جو صدر کی اجازت سے اجلاس میں پیش کیا جائے۔

حسب الحکم بورڈ

محمد حارث
کمپنی سیکریٹری

کراچی:
۱۲ مئی ۲۰۲۶ء

نوٹ:

۱۔ غیر معمولی اجلاسِ عام کا الیکٹرونک نوٹس

کمپنی نے تمام ممبران کو غیر معمولی اجلاس عام کے نوٹس ان کے رجسٹرڈ پتوں پر بذریعہ ڈاک ارسال کر دیئے ہیں۔ اس کے علاوہ نوٹس بشمول پراکسی فارم کمپنی کی ویب سائٹ https://www.hrpl-financialstatement.com پر دستیاب ہے اور PUCARS سسٹم کے ذریعے پاکستان اسٹاک ایکسچینج پر بھی اَپ لوڈ کر دیا گیا ہے۔ نوٹس یا پراکسی فارم کی وصولی میں کسی پریشانی کی صورت میں ممبران کمپنی سے بذریعہ ای میل corporate@habibriceproducts.com پر رابطہ کر سکتے ہیں۔ کمپنی انہیں نوٹس اور پراکسی فارم کی ایک کاپی بذیعہ ای میل صرف ایسے ممبران کو ارسال کرے گی جو اس سلسلے میں تحریری طور پر درخواست دیں گے اور اپنے ای میل ایڈریسز کمپنی کے شیئر رجسٹرار، سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ کو فراہم کر دیں گے۔

۲۔ شیئر ٹرانسفر بکس کی بندش

کمپنی کی شیئر ٹرانسفر بکس ۲۷ مئی ۲۰۲۶ء تا ۳ جون ۲۰۲۶ء (بشمول دونوں دن) بند رہیں گی۔ وہ شیئر ٹرانسفرز جو ہر طرح سے مکمل صورت میں ۲۶ مئی ۲۰۲۶ء کو کاروباری اوقات کے اختتام تک ہمارے شیئر رجسٹرار، میسرز سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، سی ڈی سی ہاؤس، ۹۹۔ بی، بلاک۔ بی، ایس ایم سی ایچ ایس، مین شاہراہِ فیصل، کراچی کو موصول ہو جائیں گے انہیں غیر معمولی اجلاسِ عام میں شرکت اور ووٹ دینے کیلئے بروقت تصور کیا جائے گا۔

۳۔ بذات خود یا ویڈیو لنک کے ذریعے غیر معمولی اجلاسِ عام میں شرکت

کوئی بھی ممبر جو اس اجلاس میں شرکت اور ووٹ دینے کا اہل ہو، وہ کسی دوسرے ممبر کو بطور پراکسی مقرر کر سکتا/ سکتی ہے تاکہ وہ اس کی جانب سے شرکت اور ووٹ دے سکے۔ پراکسی فارم اور پاور آف اٹارنی باقاعدہ دستخط شدہ اور تصدیق شدہ صورت میں کمپنی کے شیئر رجسٹرار میسرز سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ کے رجسٹرڈ دفتر میں غیر معمولی اجلاس عام سے کم از کم ۴۸ گھنٹے قبل موصول ہونا ضروری ہے۔

یہ اجلاس عام سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی جانب سے جاری کردہ ہدایات کے مطابق منعقد کیا جا رہا ہے۔ شیئر ہولڈرز کی غیر معمولی اجلاس عام میں زیادہ سے زیادہ شرکت کو یقینی بنانے کیلئے کمپنی نے ویڈیو لنک کے ذریعے شرکت کی سہولت بھی فراہم کی ہے، جس کے تحت ذاتی طور پر یا بذریعہ مقررہ پراکسیز شرکت کی جا سکے گی۔

وہ ممبران جو ویڈیو لنک کے ذریعے شرکت کرنا چاہتے ہیں، ان سے گزارش ہے کہ درج ذیل معلومات اپنے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) کی موثر کاپی کے ساتھ کم از کم ۴۸ گھنٹے قبل ای میل corporate@habibriceproducts.com پر ارسال کریں۔

ممبر کا نام	سی این آئی سی/ پاسپورٹ/ این ٹی این نمبر	فولیو/سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر	ای میل آئی ڈی	موبائل فون نمبر

براہِ مہربانی نوٹ فرمالیں کہ وڈیو لنک اور لاگ اِن کی تفصیلات صرف ان ممبران/ نامزد کردہ پراکسیز کو ارسال کی جائیں گی جن کے ای میل اور دیگر مطلوبہ معلومات درج بالا مقررہ وقت تک موصول ہو جائیں گے۔

الف۔ اجلاس کے لئے وڈیو لنک ممبران کو ان کے فراہم کردہ ای میل ایڈریسز پر ضروری تفصیلات فراہم کر دی جائیں گی تاکہ وہ دی گئی تاریخ اور وقت پر اجلاس میں شرکت کر سکیں۔

ب۔ لاگ اِن فیسیلٹی اجلاس کے مقررہ وقت سے تیس (۳۰) منٹ قبل کھولی جائے گی تاکہ شرکت کنندگان شناخت کے عمل سے گزرنے کے بعد اجلاس میں بروقت شریک ہو سکیں۔ ممبران، شناخت اور تصدیق سے متعلق تمام مطلوبہ رسمی کارروائیاں مکمل کرنے کے بعد، اپنے ڈیوائسز (آلات) کے ذریعے اجلاس کی کارروائی میں لاگ اِن ہو کر شرکت کر سکیں گے۔

پ۔ ممبران غیر معمولی اجلاس عام کے ایجنڈا آئٹمز سے متعلق اپنی آراء اور تجاویز اجلاس کے وقت سے کم از کم دو (۲) کاروباری دن قبل دیئے گئے ای میل ایڈریس corporate@habibriceproducts.com پر ارسال کر سکتے ہیں۔ ممبران سے درخواست ہے کہ اس مقصد کیلئے اپنا مکمل نام، کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) نمبر اور فولیو/سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر لازماً درج کریں۔

ت۔ ممبران کی جانب سے اجلاس میں ان کی بذریعہ پراکسیز حاضری اور شرکت کرنے کی حوصلہ افزائی کی جائے گی۔

۴۔ رہنما ہدایات برائے سینٹرل ڈپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ (سی ڈی سی) انویسٹر اکاؤنٹ ہولڈرز

سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈرز کو مزید برآں سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) کی جانب سے جاری کردہ سرکلر نمبر ۱، مورخہ ۲۶ جنوری ۲۰۰۰ء میں دی گئی درج ذیل رہنما ہدایات پر عمل کرنا ہوگا:

الف۔ اجلاس میں شرکت کے لئے

(i) افراد کی صورت میں اکاؤنٹ ہولڈرز یا ضمنی اکاؤنٹ ہولڈرز اور/ یا ایسے افراد جن کی سیکیورٹیز گروپ اکاؤنٹ میں ہو اور ان کی تفصیلات سی ڈی سی ضوابط کے مطابق اَپ لوڈ کی جا چکی ہوں، انہیں اجلاس میں شرکت کے وقت اپنی شناخت کیلئے اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) یا اصل پاسپورٹ پیش کرنا ہوگا۔

(ii) کارپوریٹ ادارے کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی مع نامزد کردہ شخص کے نمونہ دستخط اور تصدیق شدہ کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) کی کارآمد کاپی اجلاس میں شرکت کے وقت پیش کرنا ہوں گے (بشرطیکہ یہ پہلے فراہم نہ کی گئی ہو)۔

ب۔ پراکسیز کے تقرر کے لئے

(i) افراد کی صورت میں انویسٹر اکاؤنٹ ہولڈرز یا ضمنی اکاؤنٹ ہولڈرز اور/ یا ایسے افراد جن کی سیکیورٹیز گروپ اکاؤنٹ میں ہو اور ان کی تفصیلات سی ڈی سی ضوابط کے مطابق اَپ لوڈ کی جا چکی ہوں، انہیں پراکسی فارم درج بالا تقاضوں کے مطابق جو کہ نوٹ ۳ میں بیان کیے گئے ہیں، جمع کرانا ہوگا۔

(ii) پراکسی فارم پر دو (۲) افراد کی گواہی موجود ہو جن کے نام، پتہ اور کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) / پاسپورٹ نمبرز فارم پر درج ہوں۔

(iii) بینیفیشل مالکان اور پراکسی ہولڈر کے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) یا پاسپورٹ کی مصدقہ نقول پراکسی فارم کے ساتھ جمع کرنا ہوں گی۔

(iv) پراکسی کو اجلاس کے وقت اپنا اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) یا اصل پاسپورٹ پیش کرنا ہوگا۔

(v) کارپوریٹ ادارے کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی مع نمونہ دستخط کمپنی کو پراکسی فارم کے ساتھ جمع کرنے ہوں گے (اگر یہ پہلے فراہم نہیں کئے گئے)۔

۵۔ فزیکل شیئرز کی بک انٹری فارم میں تبدیلی

سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) نے بذریعہ خط نمبر CSD/ED/Misc/2016-639-640 مورخہ ۲۶ مارچ ۲۰۲۱ء کے مطابق تمام لسٹڈ کمپنیز کو مشورہ دیا ہے کہ وہ کمپنیز ایکٹ، ۲۰۱۷ کے سیکشن ۷۲ پر عمل کرتے ہوئے فزیکل شیئرز کو بک انٹری فارم میں تبدیل کرالیں۔

کمپنی کے وہ ممبران جو فزیکل فولیوز/ شیئر سرٹیفکیٹس کے حامل ہیں، ان سے درخواست ہے کہ وہ جلد از جلد اپنے شیئرز فزیکل فارم سے بک انٹری فارم میں تبدیل کروالیں۔ ممبران سی ڈی ایس اکاؤنٹ کھولنے اور بعد ازاں اپنے فزیکل شیئرز کو بک انٹری فارم میں تبدیل کرانے کیلئے اپنے بروکر، سی ڈی سی پارٹیسپنٹ یا سی ڈی سی انویسٹر اکاؤنٹ سروس پرووائیڈر سے رابطہ کر سکتے ہیں۔ مزید معلومات اور معاونت کیلئے ممبران کمپنی کے شیئر رجسٹرار، میسرز سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

۶۔ شیئر ہولڈرز کی فہرست

ایس آر او ۱۱۹۶(۱)/۲۰۱۹ کی شق ۲(g) مورخہ ۳ اکتوبر ۲۰۱۹ کے مطابق، پاس ورڈ سے محفوظ شیئر ہولڈرز کی فہرست کمپنی کی ویب سائٹ پر دستیاب ہے۔ وہ امیدوار جو انتخاب میں حصہ لینے کا ارادہ رکھتے ہیں، شیئر ہولڈرز کی فہرست تک رسائی کے لئے پاس ورڈ حاصل کرنے کی غرض سے کمپنی کو corporate@habibriceproducts.com پر ای میل کے ذریعے درخواست دے سکتے ہیں، جس میں اپنا مکمل نام، کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ نمبر (CNIC) اور فولیو نمبر فراہم کرنا ہوگا۔

۷۔ ڈائریکٹرز کا انتخاب

کوئی بھی شخص جو ڈائریکرز کے عہدے کے انتخاب میں حصہ لینے کا خواں ہو، خواہ وہ ریٹائر ہونے والا ڈائریکٹر ہو یا کوئی اور فرد، اسے کمپنیز ایکٹ، ۲۰۱۷ کے سیکشن ۱۵۹(۳) کے مطابق ڈائریکٹر کے طور پر انتخاب میں حصہ لینے کے ارادے کا نوٹس کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر، دوسری منزل، یو بی ایل بلڈنگ، آئی آئی چندریگر روڈ، کراچی میں غیر معمولی اجلاس عام کی تاریخ سے کم از کم چودہ دن قبل، یعنی ۲۰ مئی ۲۰۲۶ء تک، دفتری اوقاتِ کار کے اندر جمع کرنا لازمی ہوگا۔ مقررہ تاریخ کے بعد موصول ہونے والی کسی بھی نامزدگی یا درخواست کو کمپنی قبول نہیں کرے گی۔

(i) کمپنیز ایکٹ، ۲۰۱۷ کے سیکشن ۱۵۹(۳) کے تحت بطور ڈائریکٹر انتخاب میں حصہ لینے کے ارادے کا نوٹس اور بطور ڈائریکٹر خدمات انجام دینے کی رضامندی، کمپنیز ایکٹ، ۲۰۱۷ اور کمپنیز ریگولیشنز، ۲۰۲۴ء کے تحت مجوزہ فارم۔۹ کے ضمیمے میں مقررہ طریقہ کار کے مطابق جمع کروائی جائے۔

(ii) ڈائریکٹرز کے انتخاب میں حصہ لینے والا ہر شخص، اپنی رضامندی جمع کرواتے وقت کمپنی کا ممبر ہونا لازمی ہے، ماسوائے اس شخص کے کہ جو کمپنیز ایکٹ، ۲۰۱۷ کے سیکشن ۱۵۳(i) کے تحت مستثنیٰ ہو۔

(iii) ایک اقرار نامہ جس میں یہ تصدیق کی جائے کہ امیدوار کمپنیز ایکٹ، ۲۰۱۷، لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز، ۲۰۱۹، پاکستان اسٹاک ایکسچینج لمیٹڈ کے رول بک، کمپنی کے میمورنڈم و آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن، اور دیگر متعلقہ قوانین وضوابط کے تحت ڈائریکٹرز کے فرائض اور اختیارات سے آگاہ ہے۔

(iv) ایک اقرار نامہ کہ امیدوار کارپوریٹ گورننس، ۲۰۱۹ کے تقاضوں اور کمپنیز ایکٹ، ۲۰۱۷ میں درج اہلیت کے معیار پر پورا اُترتا ہے اور بطور لسٹڈ کمپنی کا ڈائریکٹر کام کرنے کا اہل ہے۔

(v) تفصیلی پروفائل بمعہ دفتری پتہ، جو کمپنی کی ویب سائٹ پر اَپ لوڈ کرنے کے لئے درکار ہے، جیسا کہ ایس آر او ۱۱۹۶(۱)/ ۲۰۱۹ مورخہ ۳ اکتوبر ۲۰۱۹ میں واضح کیا گیا ہے۔

(vi) کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) یا پاسپورٹ (غیر ملکی کی صورت میں) کی تصدیق شدہ نقل، این ٹی این کے ساتھ اور فولیو نمبر/ اکاؤنٹ یا سب اکاؤنٹ نمبر۔

انڈیپینڈنٹ ڈائریکٹر کے طور پر انتخاب میں حصہ لینے والے امیدواروں کے لئے اضافی دستاویزات

انڈیپینڈنٹ ڈائریکٹرز کا انتخاب کمپنیز ایکٹ، ۲۰۱۷ کے سیکشنز ۱۵۹ اور ۱۶۶ کے مطابق عمل میں لایا جائے گا اور امیدواروں کے لئے لازم ہوگا کہ وہ کمپنیز ایکٹ کے سیکشن ۱۶۶ میں مقرر کردہ معیار، لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز، ۲۰۱۹ اور کمپنیز (میزر اینڈ سلیکشن آف انڈیپینڈنٹ ڈائریکٹرز) ریگولیشنز، ۲۰۱۸ کے معیار پر پورا اُتریں۔

انڈیپینڈنٹ ڈائریکٹر کے طور پر انتخاب میں حصہ لینے کے خواہشمند امیدواروں کے لئے درج ذیل اضافی دستاویزات جمع کروانا لازم ہوں گی:

الف۔ لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز، ۲۰۱۹ کے ریگولیشن ۶(۳) کے تحت خود مختار ہونے کا اقرار نامہ

ب۔ نان جوڈیشل اسٹامپ پیپر پر ایک حلف نامہ کہ امیدوار کمپنیز (میزر اینڈ سلیکشن آف انڈیپینڈنٹ ڈائریکٹرز) ریگولیشنز، ۲۰۱۸ کے ریگولیشن ۴(۱) میں بیان کردہ تقاضوں پر پورا اُترتا/ اُترتی ہے۔

۸۔ ممبران کی رابطہ تفصیلات کی اَپ ڈیٹ اور تبدیلیوں کی اطلاع (اگر کوئی ہو)

ممبران سے گزارش ہے کہ وہ اپنی تازہ ترین ای میل ایڈریس، ڈاک کا پتہ اور رابطہ نمبرز کو کمپنی کے شیئر رجسٹرار کے پاس اپنے فزیکل فولیو میں، اور الیکٹرانک شیئرز کی صورت میں اپنے متعلقہ پارٹیسپنٹ، بروکر یا سی ڈی سی انویسٹر اکاؤنٹ سروسز کے ریکارڈ میں درست طور پر درج کروائیں۔ مزید برآں، ممبران سے درخواست ہے کہ اپنی رابطہ تفصیلات میں کسی بھی تبدیلی کی صورت میں فوری طور پر کمپنی کے شیئر رجسٹرار، میسرز سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، سی ڈی سی ہاؤس، ۹۹۔ بی، بلاک۔ بی، ایس ایم سی ایچ ایس، مین شاہراہِ فیصل، کراچی کو مطلع کریں۔

۹۔ ای ووٹنگ/ پوسٹل بیلٹ

کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز، ۲۰۱۸ اور اس میں کی گئی ترامیم کے مطابق، اگر ڈائریکٹرز کے انتخاب کے لئے امیدواروں کی تعداد کمپنیز ایکٹ، ۲۰۱۷ کے سیکشن ۱۵۹ کے تحت مقررہ ڈائریکٹرز کی تعداد سے زیادہ ہو، تو ممبران کو الیکٹرانک ووٹنگ اور پوسٹل بیلٹ کے ذریعے اپنے ووٹ دینے کا حق استعمال کرنے کی اجازت ہوگی۔ ووٹنگ کا عمل مذکورہ ریگولیشنز میں بیان کردہ طریقہ کار کے مطابق انجام دیا جائے گا۔

کمپنی کے بورڈ نے میسرز یو ایچ وائی حسن نعیم اینڈ کمپنی، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس QCR ریٹنگ یافتہ آڈٹ فرم کو اجلاس میں ڈائریکٹرز کے انتخاب کے لئے بطور اسکروٹینائزر مقرر کیا ہے، جو ریگولیشن 11A کے تحت دی گئی دیگر ذمہ داریاں بھی سرانجام دے گی۔ اسکروٹینائزر کو ووٹنگ کے عمل کی آزادانہ جانچ پڑتال کیلئے مطلوبہ مہارت اور تجربہ حاصل ہے۔ اسکروٹینائزر کی اہلیت اور تجربے کی مزید تفصیلات ان کی ویب سائٹ پر دستیاب ہیں۔ (https://uhy-hnco.com/)

۱۰۔ ممبران کو تحائف کی تقسیم پر پابندی

پاکستان سیکورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی جانب سے جاری کردہ سرکلر نمبر ۲ برائے سال ۲۰۱۸، مورخہ ۹ فروری ۲۰۱۸ء اور ایس آر او ۴۵۲(۱)/ ۲۰۲۵ مورخہ ۱۷ مارچ ۲۰۲۵ء کے مطابق، اجلاسِ عام کے موقع پر یا اس حوالے سے ممبران کو کسی بھی قسم کے تحائف، مراعات یا اسی نوعیت کے فوائد (بشمول ٹوکنز، کوپن، کھانے پینے کی اشیاء یا ٹیک اوے پیکجز مگر اِن تک محدود نہیں) پیش کرنے یا تقسیم کرنے سے سختی سے منع کیا ہے۔ کمپنیز ایکٹ، ۲۰۱۷ کے سیکشن ۱۸۵ کے تحت ان ہدایات کی خلاف ورزی ایک قابل سزا جرم ہے اور خلاف ورزی کی صورت میں کمپنیوں کے خلاف تادیبی کارروائی اور جرمانے عائد کیے جا سکتے ہیں۔

کمپنیز ایکٹ، ۲۰۱۷ کے سیکشن ۱۶۶(۳) کے تحت ضروری حقائق کا بیان

سیکشن ۱۵۳ کے تحت اہل افراد جو کمپنیز ایکٹ، ۲۰۱۷ کے سیکشن ۱۶۶ اور کمپنیز (میزر اینڈ سلیکشن آف انڈیپینڈنٹ ڈائریکٹرز) ریگولیشن، ۲۰۱۸ کے تحت مقررہ معیار پر پورا اُترتے ہوں، بطور انڈیپینڈنٹ ڈائریکٹرز انتخاب کیلئے اپنی نامزدگیاں جمع کرا سکتے ہیں۔ تاہم اس امر کو واضح کیا جاتا ہے کہ انڈیپینڈنٹ ڈائریکٹرز کا انتخاب اسی طریقہ کار سے کیا جائے گا جس طرح کمپنیز ایکٹ، ۲۰۱۷ کے سیکشن ۱۵۹ کے ضوابط کے مطابق دیگر ڈائریکٹرز کا انتخاب ہوگا۔

ڈائریکٹرز کے انتخاب میں حصہ لینے والے امیدواروں کی حتمی فہرست کمپنیز ایکٹ، ۲۰۱۷ کے سیکشن ۱۵۹(۴) کے مطابق غیر معمولی اجلاسِ عام کی تاریخ سے کم از کم سات (۷) دن قبل جاری کی جائے گی۔ مزید برآں، کمپنی کی ویب سائٹ پر بھی مطلوبہ معلومات اور ڈائریکٹرز کے پروفائلز اَپ ڈیٹ کر دیے جائیں گے۔

کسی بھی استفسار/ وضاحت/ معلومات کے لئے شیئر ہولڈرز کمپنی سے اور/ یا شیئر رجسٹرار سے درج ذیل پتوں پر رابطہ کر سکتے ہیں۔

کمپنی کا پتہ:
حبیب رائس پروڈکٹس لمیٹڈ
دوسری منزل، یو بی ایل بلڈنگ، آئی آئی چندریگر روڈ، کراچی
فون: 32414362 (+92-21)، 363963 (+92-0853)
ای میل: corporate@habibriceproducts.com

شیئر رجسٹرار کا پتہ:
میسرز سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ
سی ڈی سی ہاؤس، B-99، بلاک-B، ایس ایم سی ایچ ایس
مین شاہراہِ فیصل، کراچی۔ فون: 0800-23275
ای میل: info@cdcsrsl.com